# ۵۔ دیگر شعبے

## مویشی پروری

مویشی پروری میں عام طور پر گائے پروری اور مرغ پروری گھریلو سطح پر کی جاتی ہے۔ یہاں ہم گائے اور مرغیوں کی مختلف نسلوں کا تعارف حاصل کریں گے۔

### گائے کی نسلیں/ اقسام



#### (۱) کِھلار گائے

مقام : مغربی مہاراشٹر

رنگ : سفید

جسم : لمبا/لمبوترا

سینگ : نوک دار اور آگے کی جانب تھوڑے مڑے ہوئے

دودھ : تقریباً تین سے چار لٹر



#### (۲) گیر گائے

مقام : سوراشٹر (گجرات)، مہاراشٹر

رنگ : تانبے جیسا سرخ

جسم : فربہ، لمبے کان

سینگ : موٹے، ٹیڑھے اور اندر کی سمت مڑے ہوئے

دودھ : تقریباً سات لٹر



#### (۳) گولاؤ گائے

مقام : وِدربھ

رنگ : سفید

جسم : درمیانہ

سینگ : چھوٹے

دودھ : تقریباً تین سے پانچ لٹر



## (۴) ہولسٹن گائے

**مقام :** بھارت اور دیگر ممالک

**رنگ :** کالا اور سفید

**جسم :** بڑا

**سینگ :** بہت چھوٹے

**دودھ :** تقریباً دس سے بارہ لٹر



## (۵) جرسی گائے

**مقام :** بھارت اور برطانیہ

**رنگ :** ہلکا لال اور سفید

**جسم :** بڑا

**سینگ :** باریک اور نوک دار

**دودھ :** تقریباً دس سے بارہ لٹر



## مرغی کی نسلیں

### (۱) وائٹ لیگ ہارن

**مقام :** اِٹلی

**رنگ :** سفید

**پیداوار :** سالانہ ۲۰۰ تا ۲۵۰ انڈے



### (۲) براؤن لیگ ہارن

**مقام :** اِٹلی

**رنگ :** پیلا، کالا، تانبے جیسا، خاکستری رنگوں کا امتزاج

**پیداوار :** سالانہ ۲۰۰ تا ۲۲۵ انڈے



### (۳) بلیک مینارکا

**مقام :** اسپین

**رنگ :** کالا

**پیداوار :** سالانہ ۱۲۰ انڈے



### (۴) رھوڈ آئیلنڈ ریڈ

**مقام :** امریکہ میں رھوڈ آئیلنڈ

**رنگ :** لال یا خاکی (براؤن)

**پیداوار :** ۲۰۰ سے ۳۰۰ انڈے (خاکی رنگ کے)



### (۵) برائیلر مرغی

**رنگ :** سفید

**پیداوار :** بہت کم وقت میں زیادہ گوشت حاصل کرنے کے لیے اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ برائیلر مرغی کا گوشت نرم اور لجلجا ہوتا ہے۔



### (٦) امریکی سفید مرغی

**مقام :** امریکہ

**رنگ :** سفید

**پیداوار :** سالانہ تقریباً ۱۸۰ انڈے

- مویشی پروری کی وجہ سے کس طرح آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے، معلومات دیں۔ اپنے آس پاس پائی جانے والی گائیوں اور مرغیوں کی نسلوں/ اقسام کے بارے میں معلومات دیں۔

- ڈیسک ٹاپ کا تعارف



(الف) آئیکان (ب) وال پیپر (ج) ٹاسک بار

- آئیکان

کمپیوٹر کا سوئچ آن کرتے ہی اسے فوراً ہدایت نہیں دی جاسکتی۔ کمپیوٹر اپنی میموری سے آپریٹنگ سسٹم حاصل کرتا ہے۔ اس عمل کو 'بوٹنگ' کہتے ہیں۔ بوٹنگ مکمل ہونے پر نظر آنے والے اسکرین کو 'اسٹارٹنگ ڈیسک ٹاپ' کہتے ہیں۔

کمپیوٹر شروع ہونے کے بعد کمپیوٹر کی مدد سے جو کام انجام دیے جاتے ہیں ان کی چھوٹی شکلوں کو 'آئیکان' کہا جاتا ہے۔ آئیکان مانیٹر پر دِکھائی دیتے ہیں۔ اسی لیے اس اوپری حصے کو 'ڈیسک ٹاپ' کہا جاتا ہے۔ مختلف کاموں کے لیے استعمال کی جانے والی چھوٹی تصویریں کمپیوٹر کے ڈیسک ٹاپ پر موجود ہوتی ہیں یا انھیں بنایا جاسکتا ہے۔ ان اختصاری شکلوں کو 'آئیکان' کہا جاتا ہے۔ آئیکان پر ماؤس سے ڈبل کلک کرنے پر متعلقہ اپلی کیشن شروع ہوتا ہے۔

**وال پیپر :**

بوٹنگ مکمل ہونے کے بعد پس منظر میں دِکھائی دینے والی تصویر کو 'وال پیپر' کہا جاتا ہے۔ آپ اپنی تصویر کو بھی وال پیپر پر رکھ سکتے ہیں۔

**ٹاسک بار :**

کمپیوٹر پر جاری کاموں کی ونڈوز کی چھوٹی چھوٹی شکلیں جس پٹی پر دِکھائی دیتی ہیں اسے 'ٹاسک بار' کہا جاتا ہے۔ یہ ٹاسک بار بوٹنگ مکمل ہونے کے بعد اسکرین کے نچلے حصے میں دِکھائی دیتا ہے۔




**کیلکو لیٹر (Calculator) کا تعارف :**

ہندسوں کا حساب صحیح اور جلد کرنے کے لیے کیلکو لیٹر کا استعمال کیا جاتا ہے۔ کمپیوٹر پر کام کرتے ہوئے ریاضی کے اعمال کرنے کے لیے کیلکو لیٹر کی ضرورت ہوتی ہے۔

**کیلکو لیٹر کی قسمیں :**

(۱) اسٹینڈرڈ کیلکو لیٹر (Standard Calculator)

(۲) سائنٹفک کیلکو لیٹر (Scientific Calculator)

کیلکو لیٹر : اسٹارٹ - پروگرامس - ایکسیسریز - کیلکو لیٹر

**میری سرگرمی :** کمپیوٹر شروع کرکے اس کے ڈیسک ٹاپ کا مشاہدہ کیجیے۔

## آمدورفت کے اُصول



رُکیے



آگے اُتار ہے۔



آگے اسکول ہے۔



ریلوے کراسنگ



آگے چڑھاؤ ہے۔



نو پارکنگ
یہاں گاڑی کھڑی کرنا منع ہے۔



دایاں موڑ
دائیں جانب مُڑیں۔



ہارن بجائیں۔



آگے چلتے رہیے۔



بایاں موڑ
بائیں جانب مُڑیں۔



اسپتال کی جانب




پارکنگ
یہاں گاڑی کھڑی کریں۔

**میری سرگرمی :** آن لائن تعلیم کے دوران استعمال کی گئی اطلاعاتی ٹکنالوجی کے وسائل سے متعلق اپنے تجربات لکھیے۔